پرچہ نمبر ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس لأهل السنة باكستان**

شهادة العالمية في العلوم العربية والاسلامية (السنة الاولى للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | **الورقة الأولى: العقائد والكلام** | مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے۔ باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر:1 (الف) مُحدِثِ عالم کا معنی بیان کر کے بتائیں کہ مُحدِثِ عالم کون ہے؟ 7

(ب) صفات ازلیہ سے کیا مراد ہے اور وہ کتنی اور کونسی ہیں؟ وضاحت کریں۔ 8

(ج) رؤیت باری تعالیٰ کس طور پر ممکن ہے؟ نیز رؤیت باری تعالیٰ کی کیفیت تحریر کریں۔ 10

سوال نمبر:2 (الف) درج ذیل میں سے کوئی سی سات خالی جگہ پر کریں۔ 21=3X7

i۔ حرام بھی .... ہے۔ ii۔ ہدایت و گمراہی کا .... ہے۔ iii۔ قبر سے .... ہے۔

iv۔ گناہ کبیرہ بندہ کو .... نہیں نکالتا اور .... داخل نہیں کرتا۔

v۔ شفاعت .... ثابت ہے۔ vi۔ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہمیشہ .... رہے گا۔

vii۔ ایمان .... نہیں ہوتا۔ viii۔ ایمان .... ایک ہیں۔

(ب) بتائیں کہ کرامت اور معجزہ میں کیا فرق ہے؟ 4

سوال نمبر:3 (الف) امام کون ہو سکتا ہے اور امامت کی شرائط کیا ہیں؟ وضاحت کریں۔ 10

(ب) معراج کا کیا مطلب ہے؟ تفصیلاً بیان کریں۔ 7

(ج) کرامات اولیاء حق ہیں اس کا کیا مطلب ہے؟ امثلہ کے ساتھ بیان کریں۔ 8

سوال نمبر:4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء حل کریں۔ 50=10X5

(الف) مسئلہ تکفیر میں ہم اہل سنت وجماعت کا مسلک کیا ہے؟ واضح کریں۔

(ب) تعظیم مصطفیٰ ﷺ پر کم از کم تین آیات قرآنیہ لکھیں۔

(ج) گستاخانِ رسول سے رشتہ داری کے متعلق قرآن کیا فرماتا ہے؟ وضاحت کریں۔

(د) اہل سنت کے نزدیک علم الٰہی کے منکر کا حکم مع الدلیل بیان کریں۔

(ھ) کیا کذب تحتِ قدرتِ باری تعالیٰ ہے؟ حکم بھی بیان کریں۔

(و) کیا انبیاء کرام علیہم السلام اپنی امت سے صرف علم میں ہی ممتاز ہوتے ہیں؟

درجہ ثانیہ

عالیہ سال اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت اشراف **تنظیم المدارس اہل السنۃ باکستان**

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ (السنۃ الاولیٰ للبنات) الموافق سنۃ 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقۃ الثانیۃ : المیراث | مجموع الأرقام: 100

الملاحظۃ: السؤال الأخیر إجباری ولک الخیار فی البواقی أن تجیبی عن الإثنین فقط۔

السؤال الاول: (الف) عول کی تعریف کریں نیز کن مخارج میں عول ہوتا ہے اور کتنا آتا ہے؟ ۱۳

(ب) ۲۴ کے عول میں حضرت ابن مسعود اور حنفیوں کے درمیان اختلاف لکھیں، اور اسکی مثال دیں ۱۰

(ج) تماثل، تداخل، توافق اور تباین بین العددین کی وضاحت کریں۔ ۱۰

السؤال الثانی: (الف) کل حصے لکھیں، کل اصحاب فروض لکھیں۔ ۱۳

(ب) ماں ، علاتی بہن ، زوجہ اور دادی کے حالات لکھیں۔ ۲۰

السؤال الثالث: اذا کان بین التصحیح والترکۃ مباینۃ فاضرب سہام کل وارث من التصحیح فی جمیع الترکۃ ثم اقسم المبلغ علی التصحیح . مثالہ بنتان وابوان والترکۃ سبعۃ دنانیر .

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۲۰

(ب) مثالوں کو قاعدے پر منطبق کرکے وضاحت کریں۔ ۱۳

السؤال الرابع: درج ذیل میں سے دو صورتیں حل کریں اور اگر تصحیح کی ضرورت ہو تو تصحیح یارڈ بھی ضرور کریں۔

(الف) میت

شوہر | باپ | ماں | ۶ بیٹیاں — ۱۷

(ب) میت

باپ | ماں | ۵ بیٹیاں — ۱۷

(ج) میت

شوہر | ۶ بیٹیاں — ۱۷

عالیہ سال اول

بسم الله الرحمن الرحيم

پرچہ نمبر 3

الاختبار السنوي النهائي تحت إشراف **تنظيم المدارس لأهل السنة باكستان**

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية (السنة الأولى للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | **الورقة الثالثة: الفقه** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

الملاحظة: السؤال الأول إجباري و ولك الخيار في البواقي أن تجيبي عن اثنين فقط.

السؤال الأول: ثم الفرقة بخيار البلوغ ليس بطلاق لأنها تصح من الأنثى ولا طلاق اليها و كذا بخيار العتق لما بينا بخلاف المخيرة لأن الزوج هو الذي ملكها وهو مالك للطلاق.

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں۔ نیز خیار بلوغ کی تعریف کریں۔ (۱۰)

(ب) بچپن میں نکاح کیا گیا پھر صغیر و صغیرہ میں سے کوئی ایک قبل از بلوغ فوت ہو گیا تو دوسرا اُس کا وارث ہو گا یا نہیں؟ اگر بعد از بلوغ تفریق سے قبل فوت ہو جائے تو پھر وارث ہو گا یا نہیں؟ (۱۴)

(ج) مخیّرہ کسے کہتے ہیں؟ مخیّرہ اگر جدائی کو پسند کرے تو یہ طلاق ہو گی یا نہیں؟ (۱۰)

السؤال الثاني: قال ولا بأم امرأته التي دخل بابنتها أو لم يدخل لقوله تعالى" و أمهات نسائكم "من غير قيد الدخول ولا بنت امرأته التي دخل بها لثبوت قيد الدخول بالنص سواء كانت في حجره أو في حجر غيره لأن ذكر الحجر خرج مخرج العادة لامخرج الشرط.

(الف) عبارت کا ترجمہ و تشریح سپرد قلم کریں۔ (۱۵)

(ب) محرمات تفصیلا بیان کریں۔ (۱۸)

السؤال الثالث: درج ذیل سوالات میں سے تین کے جوابات لکھیں۔ (۳۳)

(الف) مہر مقرر کیے بغیر نکاح کیا یا شرط لگائی کہ مہر نہیں ہو گا۔ تو یہ نکاح درست ہے یا نہیں؟ اور کیوں؟

(ب) احناف کے نزدیک اقل مہر کتنا ہے اور شوافع کے نزدیک کتنا؟ اور کیوں؟

(ج) اگر دس درہم سے کم حق مہر مقرر کیا تو احناف کے نزدیک کتنا دینا ہو گا؟ اور کیوں؟

(د) مہر مقرر کیے بغیر نکاح کیا اور دخول کیا تو کتنا مہر واجب ہو گا؟

(ھ) اگر مہر مقرر نہیں کیا اور قبل از دخول طلاق دیدی تو اس کا کیا حکم ہے؟

(و) مہر مثلی اور متعة الطلاق کے کپڑوں کی تعداد اور نوعیت بیان کریں۔

السؤال الرابع: (الف) حالتِ حیض میں دی ہوئی طلاق واقع ہو گی یا نہیں اور کیوں؟ (۱۰)

(ب) حالت حیض میں طلاق دینے والے کیلئے مراجعت مستحب کیوں ہے اور گنہگار کیوں ہے؟ (۱۳)

(ج) نھی لذاته اور نھی لغیرہ میں فرق واضح کریں۔ (۱۰)

السؤال الخامس: درج ذیل اشخاص کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ نیز دلیل ذکر کرنا نہ بھولیں۔

i. مُکرہ ii. صبی iii. مجنون iv. نائم v۔ شراب کے نشہ میں مست۔ (۳۳)

درجہ عالیہ سال اول

پرچہ نمبر ۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس لاھل السنۃ باکستان

شھادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والإسلامیۃ (السنۃ الاولی للبنات) الموافق سنۃ 1436ھ 2015ء

وقت: تین گھنٹے | الورقۃ الرابعۃ: لمسند الإمام الأعظم و آثار السنن | کل نمبر: 100

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

القسم الأول: مسند إمام اعظم

السؤال الأول: ابو حنیفۃ عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ یجی قوم یقولون لا قدر ثم یخرجون منہ إلی الزندقۃ فإذا لقیتموھم فلا تسلموا علیھم و إن مرضوا فلا تعودوھم.

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں۔ لقیتموھم صیغہ بتائیں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) فرقہ قدریہ مؤمن ہے یا کافر؟ نیز "لا تسلموا" سے مراد صرف سلام نہ کرنا ہے یا ترک مؤالات و معاشرتی مقاطعہ ہے؟ اور اس کا مقصد کیا ہے؟ ۱۰

السؤال الثانی: عن عبد اللہ بن مسعود قال جاء جبرئیل الی النبی ﷺ فی صورۃ شاب علیہ ثیاب بیاض فقال السلام علیک یا رسول اللہ قال رسول اللہ ﷺ وعلیک السلام.

(الف) حدیث مذکورہ پر حرکات وسکنات لگائیں۔ ۱۰

(ب) حضرت جبرئیل علیہ السلام سفید پوش نوجوان کی شکل میں کیوں آئے؟ اس میں کیا حکمت تھی؟ ۱۰

(ج) مجمع میں صرف ایک شخص کو سلام کرنے کا شرعی حکم کیا ہے؟ ۵

السؤال الثالث: امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی لکھتے ہوئے بتائیں کہ آپ کس سن میں پیدا ہوئے؟ نیز حج کے وقت آپ کی کتنی عمر تھی؟ کس صحابی کے حلقۂ درس میں شریک ہوئے اور ان سے کونسی حدیث سنی؟ ۲۵

القسم الثانی: آثار السنن

السؤال الرابع: عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کان یصلی مع رسول اللہ ﷺ العشاء الآخرۃ ثم یرجع الی قومہ فیصلی بھم تلک الصلوۃ.

(الف) متنفل کے پیچھے عند الاحناف مفترض کی اقتداء صحیح ہے یا نہیں؟ بر تقدیر ثانی مذکورہ حدیث کا جواب احناف کے نزدیک کیا ہے؟ ۱۰

(ب) ایک روایت میں "ھی تطوع ولھم فریضۃ" ہے جو مذہب احناف کے صراحۃ خلاف ہے۔ اس کا کیا جواب ہے؟ ۱۰

(ج) عشاء آخرہ سے کونسی نماز مراد ہے اور عشاء اولی سے کون سی نماز مراد ہے؟ ۵

السؤال الرابع: i۔ عن سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ قال کان النبی ﷺ إذا صلی صلوٰۃ أقبل علینا بوجھہ۔

ii۔ عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ قال کنا إذا صلینا خلف رسول اللہ ﷺ أحببنا أن نکون عن عینہ فیقبل علینا بوجھہ۔

(الف) دونوں حدیثوں کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ "احببنا الخ" کی آرزو کا اصل مقصد کیا تھا؟ ۱۸

(ب) بعد از سلام امام کا قبلہ رو ہو کر یا بائیں جانب رخ کرکے بیٹھنے کا کیا حکم ہے؟ اور اس طرف رخ کرنے کی حکمت کیا تھی؟ ۷

السؤال الرابع: عن سعد بن ھشام عن عائشۃ رضی اللہ عنھا کان رسول اللہ ﷺ یوتر بثلث لا یقعد إلا فی آخرھن.

(الف) حدیث پاک کی تشریح کرتے ہوئے وضاحت کریں کہ "لا یقعد إلا فی آخرہ" سے کیا مراد ہے؟ حالانکہ احناف تو دوسری رکعت پر بیٹھتے ہیں۔ ۱۵

(ب) دلیل سے ثابت کریں کہ وتر واجب ہیں جبکہ حدیث میں ہے "الوتر لیس بحتم" یعنی وتر ضروری نہیں ہیں۔ ۱۰

عالیہ سال اول

پرچہ نمبر 5

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس لأهل السنة باكستان**

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية (السنة الأولى للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | **الورقة الخامسة : للمؤطين** | **مجموع الأرقام:١٠٠**

الملاحظة: أجيبي عن سؤالين من كل قسم.

القسم الاول: مؤطاالإمام مالک

سوال نمبر1 سئل رسول الله ﷺ عن العقيقة فقال لا أحب العقوق۔

(الف) ترجمہ و تشریح کرتے ہوئے بتائیں کہ بچے اور بچی کا عقیقہ ایک جیسا ہے یا فرق ہے؟ ١٢

(ب) عقیقہ تو ثابت ہے۔ سنت ہے۔ پھر " لا أحب العقوق" کا مطلب کیا ہے؟ ٦

(ج) عقیقہ کس دن کیا جائے؟ کیا رسول اللہ ﷺ کا عقیقہ کیا گیا؟ کس نے کیا؟ ٧

سوال نمبر2 قال رسول الله ﷺ لقد هممت ان انهى عن الغيلة حتى ذكرت ان الروم وفارس يصنعون ذلك فلا يضر اولادهم شيئا

(الف) حدیث پاک پر اعراب لگائیں اور تشریح کرتے ہوئے غیلہ کا معنی لکھیں ١٥

(ب) حضور ﷺ نے غیلہ سے منع فرمانے کا ارادہ کیوں کیا؟ کیا اب غیلہ جائز ہے؟ ١٠

سوال نمبر3 قال عمر بن الخطاب رضى الله عنه: الرجم فى كتاب الله حق على من زنى من الرجال و النساء اذا احصن اذا قامت البينة او كان الحبل اوالاعتراف۔

(الف) ترجمہ و تشریح کرتے ہوئے بتائیں کہ رجم کا ثبوت قرآن میں کہاں ہے؟ ١٣

(ب) ثبوت زنا کیلئے شرائط کیا ہیں؟ عورت کو رجم کرنے کا شرعی طریقہ لکھیں؟ ١٢

القسم الثانی: مؤطاالإمام محمد

سوال نمبر1 امام محمد علیہ الرحمہ اور مؤطا امام محمد پر کم از کم بیس سطری ایک مضمون لکھیں۔ ٢٥

سوال نمبر2 عن عاصم بن كليب الحرمى عن أبيه قال رأيت عليا رفع يديه فى التكبيرة الأولى من الصلوة المكتوبة ولم يرفعهما فيما سوى ذلك

نماز میں رفع یدین نہ کرنے پر عقلی و نقلی دلائل بیان کرتے ہوئے رفع یدین والی احادیث کا جواب بھی دیں ٢٥

سوال نمبر3 عن ابن عمر رضى الله عنهما انه قال لا تبكوا على موتاكم فان الميت يعذب ببكاء اهله عليه۔

(الف) حرکات و سکنات لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ١٢

(ب) میت پر رونا تو نبی پاک ﷺ سے ثابت ہے پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے منع کیوں فرمایا؟ ٧

(ج) رونا تو رونے والے کا فعل ہے اس کی وجہ سے میت کو عذاب کیسے ہوتا ہے؟ ٦

عالیہ سال اول

پرچہ نمبر 6

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس لأهل السنة باكستان**

شهادة العالمية فى العلوم العربية والإسلامية (السنة الأولى للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقة السادسة: لأصول الحديث | مجموع الأرقام: ١٠٠

الملاحظة: السؤال الأول إجبارى ولك الخيار فى البواقى أن تجيبى عن إثنين فقط.

سوال نمبر1 درج ذیل میں سے آٹھ کی تعریفات لکھیں۔ ۳۴

صحیح لذاتہ شاذ متواتر غریب معلل اطراف

مضطرب معلق مستخرج حاکم حافظ

سوال نمبر2 (الف) صحاح ستہ کے مکمل نام لکھیں۔ ۱۲

(ب) صحاح ستہ کے مصنفین کے اسماء مع کنیتیں بیان کریں۔ ۱۲

(ج) صحیح بخاری و صحیح مسلم میں موازنہ کریں کہ ارجح کون ہے؟ ۹

سوال نمبر3 (الف) امام ابوحنیفہ کا اسم گرامی لکھیں اور ابوحنیفہ کنیت رکھنے کی وجہ لکھیں۔ ۱۰

(ب) امام اعظم تابعی تھے۔ دلائل سے ثابت کریں۔ ۱۰

(ج) امام طحاوی کا نام اور شرح معانی الآثار کی خصوصیات تحریر کریں۔ ۱۳

سوال نمبر4 (الف) جامع ترمذی کا صحاح ستہ میں درجہ و مقام بیان کریں۔ ۱۰

(ب) سنن ابن ماجہ کی خصوصیات لکھیں۔ ۱۰

(ج) امام محمد بن حسن شیبانی کا مختصر تعارف لکھ کر آپ کی کم از کم پانچ کتابوں کے نام لکھیں۔ ۱۳